© rasailojaraid.com

## رسائل و مسائل

# شمالی یورپ میں نماز روزے کا مسئلہ

سوال: جس جگہ میں رہ رہا ہوں یہ سویڈن کے بھی نارتھ کا علاقہ ہے اور اس جگہ کا نام لولیو ہے۔ یہاں آج کل (جون میں) بھی سخت سردی ہے اور ٹمپریچر کبھی 3-، 2- ہو جاتا ہے اور کبھی 5+ یا ۱۰+ ہو جاتا ہے۔ یہاں آجکل سورج طلوع 15-2 پر ہوتا ہے اور غروب 52-۱۰ پر ہو رہا ہے اور روز تین چار منٹ صبح پیچھے اور شام کو آگے ہو رہا ہے۔ اور یہ سلسلہ ۲۲ جون تک رہے گا۔ میرا بتانے کا مقصد یہ تھا کہ یہاں جو دو تین گھنٹے کی رات ہوتی ہے، اس میں بھی مغرب کا وقت ہوتا ہے اور تقریباً دن ہی ہوتا ہے۔ آپ میری اس سلسلے میں الجھن دور کر دیں تو مہربانی ہوگی۔ اور دوسرے یہاں جو تین چار مسلم گھرانے ہیں۔ ان کا بھی مسئلہ حل ہو جائے گا کہ یہاں رمضان کے اوقات بھی اور سحری افطاری کے اوقات کیا ہوں؟ (فی الحال تو میں نے طلوع اور غروب کے ساتھ ہی طویل روزے رکھے ہیں) اور دوسری بات یہ کہ نمازوں کے اوقات کیا ہوں (خصوصاً مغرب، عشاء اور فجر کے۔ اگر آپ یہ تفصیلات بذریعہ خط بتا سکیں تو آپ کی مہربانی ہوگی۔ یہاں سے چند سو کلو میٹر اوپر جو علاقہ ہے وہاں تو آج کل ضرور ایک گھنٹے کے لیے ہی سورج غروب ہو رہا ہے۔ امید ہے کہ آپ اس سلسلے میں تفصیلی جواب دیں گے۔ میں نمازیں طلوع غروب کے حساب سے پڑھ رہا ہوں۔

سردیوں میں یہاں دن تین یا دو گھنٹے کا ہو جاتا ہے تو تب رمضان اور نمازوں کے اوقات کا تعین کیسے ہوگا؟

۲۔ گائے، مرغی اور بکری وغیرہ کا گوشت اگر حلال نہ کیا گیا ہو تو وہ بالکل اسی طرح

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حرام ہے جس طرح سوٴر کا گوشت - کیونکہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ سوٴر کی طرح حرام نہیں ہے - حالانکہ میرے علم کے مطابق یہ بالکل اسی طرح حرام ہے جس طرح سوٴر کا گوشت یا مُردار -

**جواب** :- آپ روزے طلوع وغروب اور نمازیں بھی طلوع وغروب کے لحاظ سے پڑھتے ہیں تو ہماری رائے کے مطابق شریعت اسلامیہ کے تقاضوں کو صحیح معنوں میں ادا کر رہے ہیں۔ لہٰذا اسی طرح سے اس سلسلے کو جاری رکھیے - اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق دے - رات اڑھائی تین گھنٹے کی ہو تو اس میں عشاء کی نماز اور تراویح بھی پڑھنا چاہیے - مغرب کی نماز کے پون گھنٹہ، گھنٹہ بعد عشا کی نماز اور تراویح پڑھ لیا کریں -

۲ - آپ کے دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ اگر گائے، مرغی، بکری وغیرہ کو بسم اللہ پڑھے بغیر ذبح کیا گیا ہو یا ذبح ہی نہ کیا گیا ہو تو وہ مُردار ہے اور اس کا کھانا حرام ہے - قرآنِ پاک اور احادیث کی نصوص صریحہ سے یہ بات ثابت ہے - اس لیے ایک مسلمان کو دوسرے قطعی محرمات کی طرح اس حرام سے بھی بچنا چاہیے - اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ جیسے مخلص لوگوں کی امداد فرمائے - اور شریعت کے مطابق زندگی بسر کرنے کی آسانیوں سے نوازے - آمین -

(ع - م)

---

© rasailojaraid.com